sanitation

# عام وینڈر لائسنسنگ ایکٹ:

## ضوابط کو سمجھنے میں مدد کے لیے معلوماتی جھلکیاں اور تجاویز

کیا آپ کسی عوامی جگہ جیسے کہ اسٹریٹ یا فٹ پاتھ پر کھانے پینے کی اشیاء یا سروسز فروخت کرتے، لیز پر دیتے ہیں یا فروخت کرنے یا لیز پر دینے کی پیشکش کرتے ہیں؟

**عام وینڈر لائسنس قانون کے بارے میں:**

- سابق فوجیوں یا ان کے پسماندہ شریک حیات یا گھریلو پارٹنرز کو جاری کیے جانے والے لائسنسوں کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہے۔ غیر سابق فوجیوں کو جاری کردہ لائسنسوں کی تعداد 853 تک محدود ہے۔
- عام وینڈرز جن کے پاس شہر پیما (Citywide Specialized) خصوصی وینڈنگ لائسنس (پیلا) یا وسطی شہر کے بنیادی ژون وینڈنگ لائسنس (نیلا) ہے وہ کچھ محدود علاقوں میں فروخت کرسکتے ہیں اور انہیں مقامات پر دوسرے وینڈرز پر فوقیت حاصل ہوگی۔ یہ لائسنس سروس سے متعلق معذوری کے حامل سابق فوجیوں کے لیے ہیں۔ نیلے لائسنس کی تعداد 105 تک محدود ہے۔ پیلے رنگ کے لائسنسز جاری کرنے کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہے۔
- آپ کو پہلی ترمیم کے تحت شامل اشیاء کو فروخت کرنے کے لیے عام وینڈر لائسنس کی ضرورت نہیں ہے، جن میں تحریری مواد (اخبارات، رسالے، کتابیں، کتابچے) اور فن پارے (پینٹنگز، تصاویر، پرنٹس، مجسمے، چہرے کی پینٹنگز، بیلون سے بنے جانور) شامل ہیں۔ اگر آپ کو عام وینڈر لائسنس کی ضرورت نہیں ہے تو پھر بھی آپ کو فروخت کرنے سے متعلق قوانین کی پیروی کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**آپ کی سہولت کے لیے، ذیل میں دیئے گئے ہر زمرے میں قانون اور/ یا اصول کا متعلقہ سیکشن شامل ہے، لهذا آپ مزید معلومات کے لیے اس سے رجوع کرسکتے ہیں۔ ذیل میں دی گئی بنیادی چیزیں اس دستاویز میں استعمال ہونے والے قانونی حوالہ جات اور علامتوں کی وضاحت کرتی ہے۔**

**اس دستاویز کا اطلاق کھانا فروخت کرنے والے وینڈرز، کسی بھی پارک میں یا اس کے آس پاس فروخت کرنے والے وینڈرز، یا جوتا پالش کرنے والے وینڈرز پر نہیں ہوتا ہے۔**

| بنیادی چیزیں |
|---|
| **NYC Code:** NYC انتظامی ضابطہ |
| **RCNY:** نیویارک سٹی کے اصول |
| **§:** سیکشن |
| **§§:** سیکشنز |

| لائسنسز | |
|---|---|
| 1 | آپ کے پاس General Vendor Department of Consumer and Worker Protection (DCWP, formerly Consumer Affairs) کا درست لائسنس ہونا ضروری ہے۔<br>**مشورہ:** کھانا فروخت کرنے کے لیے Department of Health and Mental Hygiene سے لائسنس لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔<br>**مشورہ:** مجاز اسٹریٹ میلے (مثال کے طور پر، اسٹریٹ کے میلے، بلاک پارٹی، یا تہوار) میں سامان فروخت کرنے کے لیے اسٹریٹ میلے کے لیے عارضی Temporary Street Fair Vendor Permit۔ |
| | **NYC Code §20-453** |
| 2 | عام وینڈرز کو اپنا DCWP لائسنس پہننا ضروری ہے تاکہ یہ ہر وقت عوام اور قانون نافذ کرنے والے افسران (مثال کے طور پر، صاف صفائی سے متعلق پولیس افسران، پولیس افسران) کی نظر میں ہو۔<br>**مشورہ:** نیلے اور پیلے رنگ کے خصوصی لائسنس برداروں کو اپنے عام وینڈر لائسنس (سفید) اور خصوصی لائسنس دونوں کو پہننا ضروری ہے۔ |
| | **6 RCNY §2-309** |

sanitation

# عام وینڈر لائسنسنگ ایکٹ:

## ضوابط کو سمجھنے میں مدد کے لیے معلوماتی جھلکیاں اور تجاویز

| | |
|---|---|
| | **مقام** |
| | **بغیر کسی استثناء کے تمام وینڈنگ کے لیے ممنوعہ علاقہ** |
| 3 | آپ Manhattan میں "ورلڈ ٹریڈ سینٹر زون" میں درج ذیل چیزیں (بشمول سرحدی اسٹریٹس) فروخت نہیں کرسکتے ہیں:<br>• مشرقی سرحد: براڈوے کا مشرقی حصہ<br>• جنوبی سرحد: لیبرٹی اسٹریٹ کے جنوب کی جانب<br>• مغربی سرحد: ویسٹ اسٹریٹ کے مغرب کی جانب<br>• شمالی سرحد: ویسی اسٹریٹ کے شمال کی جانب |
| | **NYC Code §20-465(g)(2)** |
| 4 | آپ کسی بھی اسٹریٹ کے کونوں، سب وے کے داخلی اور خارجی راستوں، یا گلیاروں کے 10 فٹ کے اندر فروخت نہیں کرسکتے۔ |
| | **NYC Code §20-465(e)** |
| 5 | آپ بس شیلٹرز، نیوز اسٹینڈز، عوامی فون یا WiFi کیوسک، یا معذور افراد کی رسائی والے ریمپ کے 5 فٹ کے اندر فروخت نہیں کرسکتے۔ |
| | **NYC Code §20-465(q)** |
| 6 | آپ فٹ پاتھ کیفے یا اسٹوپ لائن اسٹینڈز کے 20 فٹ کے اندر فروخت نہیں کرسکتے ہیں۔ |
| | **NYC Code §20-465(q)** |
| 7 | آپ فروخت نہیں کرسکتے:<br>• بس اسٹاپ یا ٹیکسی اسٹینڈ کے اندر یا فٹ پاتھ پر کسی "کھڑے نہ رہیں" زون کے بغل میں جو کہ اسپتال کے بغل میں ہے<br>• درمیانی راستہ پرجب تک کہ درمیانی راستہ پیدل مسافروں کا مال یا پلازہ نہ ہو (پیدل چلنے والوں کے لیے جگہ موجود ہو)<br>• کسی بھی وینٹیلیشن گرلز، سب وے کی جالیوں، تہہ خانے کے دروازوں، ٹرانسفارمر والٹ، یا مین ہول پر |
| | **NYC Code §§20-465(e), 20-465(i), 20-465(m)** |
| | **مقام** |
| | **خصوصی لائسنس اور پہلی ترمیم والے وینڈرز تک محدود علاقے**<br>تمام وینڈرز، بشمول پہلی ترمیم کی اشیاء جیسے تحریری مواد اور فن پارہ فروخت کرنے والے افراد کو اس دستاویز میں پائے جانے والے دیگر تمام تقاضوں پر عمل کرنا ہوگا۔<br>پہلی ترمیم کے تحت شامل اشیاء کی تفصیل کے لیے صفحہ *1* ملاحظہ کریں۔ |
| 8 | Manhattan میں نیچے (بشمول سرحدی اسٹریٹس) میں فروخت کرنے کے لیے آپ کے پاس نیلے رنگ کا خصوصی لائسنس ہونا ضروری ہے:<br>• مشرقی سرحد: دوسرا ایونیو<br>• جنوبی سرحد: 30ویں اسٹریٹ<br>• مغربی سرحد: 9 ایونیو اور کولمبس ایونیو<br>• شمالی سرحد:65 اسٹریٹ |
| | **NYC Code §20-465(g)(1)** |

sanitation

# عام وینڈر لائسنسنگ ایکٹ:

## ضوابط کو سمجھنے میں مدد کے لیے معلوماتی جھلکیاں اور تجاویز

| | |
|---|---|
| 9 | Flushing, Queens: میں نیچے (بشمول سرحدی اسٹریٹس) میں فروخت کرنے کے لیے آپ کے پاس نیلے یا پیلے رنگ کا خصوصی لائسنس ہونا ضروری ہے:<br>• مشرقی سرحد: یونین اسٹریٹ کا مشرقی حصہ<br>• جنوبی سرحد: سانفورڈ ایونیو کا جنوبی حصہ<br>• مغربی سرحد: کالج پوائنٹ بلیوارڈ کا مغربی حصہ<br>• شمالی سرحد: شمالی بلیوارڈ کا شمالی حصہ |
| | **NYC Code §20-465(g)(4)** |
| **ڈسپلے** | |
| 10 | آپ کو ڈسپلے کی ان ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:<br>• آپ کا ڈسپلے (مثال کے طور پر، میز، کارٹ، اسٹینڈ) 8 فٹ سے زیادہ لمبا، 3 فٹ گہرا اور 5 فٹ لمبا نہ ہو۔<br>• افقی ڈسپلے زمین سے کم از کم 2 فٹ اوپر ہو۔<br>• عمودی ڈسپلے زمین سے کم از کم 1 فٹ کی دوری پر ہو۔<br>**مشورہ:** آپ براہ راست فٹ پاتھ پر یا فٹ پاتھ کے اوپر کمبل، بورڈ، یا گتے کے ٹکڑے رکھ کر فروخت کے لیے اشیاء نہیں رکھ سکتے ہیں۔<br>**مشورہ:** آپ صرف اپنے ڈسپلے کے ٹھیک نیچے کی جگہ کو فروخت کے لیے اشیاء ذخیرہ کرنے کے واسطے استعمال کرسکتے ہیں۔ |
| | **NYC Code §§20-465(b), 20-465(n)** |
| 11 | آپ کو پیدل چلنے والوں کے لیے فٹ پاتھ پر کم سے کم 12 فٹ چوڑا صاف راستہ چھوڑنا ہوگا۔<br>**مشورہ:** پراپرٹی لائن سے فٹ پاتھ کی کسی بھی رکاوٹوں (جیسے کہ، موٹر سائیکل ریکس، فائر ہائیڈرنٹس، سڑکوں کی علامت) یا، اگر کوئی رکاوٹ نہیں ہے تو، پشتے تک کے فاصلے کی پیمائش کی جاتی ہے۔ |
| | **NYC Code §20-465(a)** |
| 12 | آپ کے کارٹ (ٹھیلا) یا اسٹینڈ کو لازمی طور پر پشتے کے بغل میں ہونا چاہیئے۔ |
| | **NYC Code §20-465(a)** |
| 13 | آپ کا کارٹ یا اسٹینڈ اور آپ جو سامان فروخت کر رہے ہیں وہ کسی بھی عمارت کے اندر جانے یا نکاسی کے راستے سے کم از کم 20 فٹ کی فاصلہ پر ہونی چاہیئے۔ |
| | **NYC Code §20-465(d)** |
| 14 | آپ کا کارٹ/ اسٹینڈ، گاڑی، وہ سامان جو آپ فروخت کررہے ہیں اور آپ کی فروخت سے متعلق کوئی بھی دوسری چیزیں کسی بھی عمارت یا ڈھانچے کو چھو نہیں سکتی ہیں (مثال کے طور پر، لیمپ پوسٹس، پارکنگ میٹر، میل باکسز، ٹریفک سگنل پوسٹس، فائر ہائیڈرنٹس، درخت کے لیے بنے باکسز، بینچز، بس شیلٹرز، کوڑے دان، یا ٹریفک کی رکاوٹیں)۔ |
| | **NYC Code §20-465(c)** |
| **دیگر** | |
| 15 | آپ پارک کیے ہوئے یا دوہری پارکنگ کیے ہوئے موٹر گاڑی سے سامان فروخت نہیں کرسکتے ہیں۔ |
| | **NYC Code §20-465(o)** |
| 16 | آپ بجلی یا بجلی پیدا کرنے والے ساز و سامان یا تیل یا گیس سے چلنے والے ساز و سامان، ڈیوائسز، یا مشینری کا استعمال نہیں کرسکتے۔<br>**مشورہ:** آپ پاور کورڈ پر کوئی ساز و سامان استعمال نہیں کرسکتے ہیں۔<br>**مشورہ:** آپ بیٹری سے چلنے والے ساز و سامان استعمال کرسکتے ہیں۔ |
| | **NYC Code §20-465(p)** |

sanitation

# عام وینڈر لائسنسنگ ایکٹ:

## ضوابط کو سمجھنے میں مدد کے لیے معلوماتی جھلکیاں اور تجاویز

| | |
|---|---|
| 17 | اگر آپ کی گاڑی یا اسٹینڈ سڑک پر ہے (جیسے کہ، پارکنگ کی جگہوں پر) تو، آپ کو ٹریفک اور پارکنگ کے تمام قوانین کی پابندی کرنی ہوگی۔<br>**مشورہ:** آپ سامان فروخت نہیں کرسکتے اگر یہ حفاظتی علاقہ ہے یا فائر ہائیڈرنٹ کے 15 فٹ کے اندر ہے۔ |
| | **NYC Code §20-465(f); 6 RCNY §2-304(c)** |
| **قیمت آویزاں کرنا** | |
| 18 | فروخت کرنے کے لیے پیش کردہ تمام اشیاء کے لیے، ٹیکس کے علاوہ، درج ذیل طریقے سے قیمت ظاہر کرنا ضروری ہے:<br>• مہر، ٹیگ، یا لیبل کے ذریعہ انفرادی آئٹم پر۔ یا<br>• ایسے نشان پر جو آئٹم ڈسپلے کرنے والی جگہ پر واضح طور پر نظر آتا ہو۔ |
| | **6 RCNY §2-307(b)** |
| **رسیدیں** | |
| 19 | آپ کو صارفین کی خریداری کی کسی بھی آئٹم کے لیے ایک سیریل نمبر کی رسید دینا ضروری ہے۔ رسید میں یہ چیزیں شامل ہونی چاہیئے:<br>• خریداری کی تاریخ<br>• ادا کی گئی رقم اور ٹیکس کی کل رقم<br>• آئٹم کی تفصیل<br>• آپ کا عام وینڈر لائسنس نمبر<br>• DCWP کے ایڈریس اور ٹیلی فون نمبر (311) کے ساتھ ایک بیان بھی ہوگا جس میں کہا گیا ہے کہ DCWP's کے پاس شکایت کی جاسکتی ہے<br>**مشورہ:** درخواست پر، آپ کو دن کے آغاز میں صفائی سے متعلق پولیس افسران کو فروخت کی رسید کی ایک کاپی فراہم کرنا ہوگی۔ |
| | **6 RCNY §2-307** |

مزید معلومات کے لیے: **ملاحظہ کریں** nyc.gov/BusinessToolbox | **رابطہ کریں 311** NEW-YORK (212) (NYC سے باہر)

یہ دستاویز صرف معلوماتی مقاصد کے لیے فراہم کی گئی ہے، یہ جامع نہیں ہے اور یہ قانونی مشورہ کی حیثیت نہیں رکھتا ہے۔ نیو یارک شہر کے کاروباری اداروں کو تمام متعلقہ وفاق، ریاستی اور شہری قوانین اور اصولوں کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔ کاروباری ادارے ایسے موجودہ قواعد و ضوابط کو جاننے اور ان کی تعمیل کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں جو ان کے کاروبار کو متاثر کرتے ہیں۔